© rasailojaraid.com



"سول وار کے سانڈ نے نتھنے اور آنکھیں پھُلالی ہیں اور جست لگانا ہی چاہتا ہے اس لئے اُس کے زخم مت کریدو، ابوذر کو میرے پاس بھیجدو، اُن کے ساتھ زادِ راہ اور ایک رہبر بھی کرو، نیز لطف و محبت سے پیش آؤ، جہاں تک ہو سکے نہ خود زیادتی کرو نہ اپنے ماتحتوں کو کرنے دو۔" (تاریخ کامل ابن اثیر ۳/۴۴ و تاریخ الامم ۵/۶۶)

## ۲۴۔ خط کی دوسری شکل

"میرا خط پاکر جُندب بن جُنادہ (ابوذر) کو ننگے پالان پر سوار کر کے یہاں بھیجدو"

یہ خط شیعی ماخذوں سے لیا گیا ہے۔ سُنّی راویوں نے ابوذر کا قصہ مختلف انداز میں پیش کیا ہے، یہاں اُس کی تفصیلات میں داخل ہونا ضروری ہے نہ مفید، تاہم امیر معاویہؓ کا وہ خط نقل کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے جس میں شیعی روایت کے مطابق وہ ابوذر کے شاکی ہیں:

"اگر آپ شام میں امن وامان برقرار رکھنا چاہتے ہیں تو جندب بن جنادہ کو بلا لیجئے، وہ بیرونِ محل کے دروازہ پر آکر یہ نعرے لگاتے ہیں: جاء القطار یحمل النار، لعن اللہ الآمرین بالمعروف التارکین له، لعن اللہ الناھین عن المنکر الراکبین له۔ دوزخ کی آگ لیکر قافلہ آگیا ہے، خدا کی اُن پر لعنت جو زبان سے امر بالمعروف کی تلقین کرتے ہیں لیکن خود اچھے کام نہیں کرتے، خدا کی اُن پر لعنت جو زبان سے نہی عن المنکر کی تلقین کرتے ہیں لیکن خود بُرائی سے نہیں بچتے۔" (عیون الاخبار تالیف ادریس بن حسن انف قلمی ۲/۲۶۸)

## ۲۵۔ ابوذر کے نام

مراسلہ نمبر ۲۳ امیر معاویہؓ کو بھیجنے کے بعد عثمان غنیؓ نے ابوذر کو براہِ راست یہ خط لکھا:

"میرے پاس آجاؤ، میں معاویہ کی نسبت تمہارے حقوق کا زیادہ خیال رکھوں گا اور تمہارے ساتھ زیادہ اچھی طرح پیش آؤں گا۔"

(تاریخ الخمیس دیار بکری مصر ۲/۶۹)



© rasailojaraid.com

